# یسوع مسیح



## شکستہ دلوں کی شفا کیلئے آیا

’’خداوند کا روح مجھ پر ہے۔اس لیے کہ اُس نے مجھے غریبوں کو خوشخبری دینے کیلئے مسح کیا۔اُس نے مجھے بھیجا ہے کہ قیدیوں کو رہائی اور اندھوں کو بینائی پانے کی خبر سناؤں، کچلے ہوؤں کو آزاد کروں‘‘ لوقا 4:18




مُصنف

پاسٹر جان

Founder of Parent Site:

USA Prophecy.com




اگر ایک ٹانگ کی ہڈی کسی حادثے میں ٹوٹ گئی ہے تو ڈاکٹر اُس کو بغور دیکھ کر اُس کی ہڈیوں کو پُرمنظّم طریقے سے اکٹھا کرتا اور باندھتا ہے پھر اُسکے چاروں طرف گرم پٹی کی مدد سے پیمانوں کے ساتھ ہڈی کی بناوٹ کے مطابق باندھ دیتا ہے۔یہی ایک طریقہ کہ جو ڈاکٹر استعمال کرتے ہیں، طبیبِ اعظم (یسوع مسیح) بھی اِسی طرح کرتا ہے، وہ بھی ہماری روح کو اور دل کے بکھرے اور متاثرہ حصوں کو اکٹھا کرتا اور شفاء دیتا ہے، بائبل مقدس شکستہ دل کو ’’پتھر دل‘‘ سے مشابہہ ٹھہراتی ہے، اور جب اُس کو طبیبِ اعظم (یسوع) شفا دیتا ہے وہ اُس کو گوشتین دل بنا دیتا ہے یعنی نرم دل بنا دیتا ہے۔

وہ دل جو پہلے پتھر کی سی کیفیت رکھتا ہے خدا ہم کو ایک گوشتین دل نرم دل عطا کرتا ہے۔

’’اور میں تم کو نیا دل بخشونگا اور نئی روح تمہارے باطن میں ڈالونگا اور تمہارے جسم میں سے سنگین دل کو نکال ڈالونگا اور گوشتین دل تمکو عنایت کرونگا‘‘ (حزقی ایل 36:26)

یہ نیا آسودہ دل خدا کے ساتھ ہم آہنگ ہوتا ہے جو اپنے اندر خدا کی محبت اور اطمینان رکھتا ہے۔ہر وہ خیال اور احساس جو ہمارے اندر تلخی پیدا کرتے ہیں ہمیشہ کیلئے پھر ختم ہو جاتے ہیں اور لوگ اپنے دلوں میں مسیح کی صلیبی محبت کو لیے زندگی گزارتے ہیں جو کہ خدا اپنے رُوح القدس کی قدرت کاملہ کے ذریعے ہمارے اندر سے ہر طرح کا خوف، تلخی، غم اور موت کو اُن کے دلوں سے دور کرتا ہے۔

’’کیونکہ خدا نے ہمیں دہشت کی رُوح نہیں بلکہ قدرت اور محبت اور تربیت کی رُوح دی ہے‘‘ (1 تھمتیس 1:7)

خدا نے یہ طریقہ رائج کیا ہے کہ وہ اپنا آسمانی اطمینان اور محبت انسانوں کے دلوں میں جاگزین کرے جیسے ہم خدا میں بڑھتے جاتے ہیں ویسے ہی ہم اُس کی محبت اور اطمینان میں بڑھتے جاتے ہیں۔

دنیا کی کوئی طاقت بھی ہمیں خدا کی محبت سے جدا نہیں کر سکتی ہے۔

خدا نے اپنے بیٹے کو دنیا میں اِسی لیے بھیجا تا کہ وہ شکستہ دلوں کو تسلی دے اور ہم اُس کی محبت اور اطمینان کی کاملیت میں زندگی گزار سکیں۔

ایک افسُردہ دل کی شفا کیلئے پہلا مرحلہ یہ ہے کہ وہ یسوع کی خوشخبری پر ایمان لائے خدا کے سامنے ایک متاثرہ شخص جو کہ گناہ کی وجہ سے شکستگی کا شکار ہے اُسکو خوشخبری کی ضرورت ہے۔



گناہ ایک نہایت ہی سنجیدہ اور زیرِ غور عمل ہے کیونکہ اُسی کی وجہ سے خدا اور انسان کے درمیان جدائی ہے، خدا نے یسوع کو اسی لیے دنیا میں بھیجا کہ اِس کی جدائی کی گھنوؤنی اور تاریک جگہ کو پورا کرے۔کیونکہ گناہ کی مزدوری موت ہے اور یسوع مسیح ہمارے گناہوں کی خاطر اِسی گناہ کی مزدوری کو ادا کرنے کیلئے صلیب پر مُوا تا کہ ہم بچائے جا سکیں۔اس کا یہ مطلب ہے کہ گناہوں کی معافی اور خدا کے ساتھ انسان کے ٹوٹے ہوئے رشتے کو بحال کیا جا سکے۔

اور یہ گناہوں کا اقرار کرنے اور یسوع مسیح پر ایمان لانے ہی سے ممکن ہے کیونکہ یسوع مسیح ہی ہمیشہ کی زندگی کا راستہ ہے۔گناہوں کے اقرار اور توبہ سے خدا ہمارے شکستہ دلوں کو تسلی اور شفاء دیتا ہے۔

’’کیونکہ خدا نے دنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا تا کہ جو کوئی اُس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے (یوحنا 3:16)

دوسرا مرحلہ یہ ہے کہ آپ اپنی معافی جو یسوع کی صلیب سے ہم کو ملی ہے اِس معافی کو دوسرے کیلئے بھی بڑھائیں۔

آپ اپنے اردگرد کے لوگوں کو بطور ماں باپ، بڑے بھائی، بڑی بہن اور دوست ہونے کے ناطے سے مسیح کی محبت اور خوشخبری کو سنا اور سکھا سکتے ہیں اور اپنے مخالفوں کو معاف کر سکتے ہیں۔یسوع مسیح کے وسیلے خدا ہمارے تمام گناہ معاف کرنے میں سچا اور عادل ہے وہ ہم سے یہ توقع کرتا ہے کہ ہم اپنے قرضداروں کو معاف کریں، جنہوں نے ہم کو دکھ دیا ہے ان کیلئے دعا کریں اور دل سے معاف کریں، کیونکہ مسیح یسوع نے بھی صلیب پر اپنی جان دے کر اپنے پاک لہو سے ہماری جانوں کا کفّارہ دیا اور پاک کیا اور معاف کیا ہے۔

ہمیں بھی چاہیے کہ معافی کی اُس خوش خبری کو دوسروں تک لے کر جائیں اور اپنے ستانے والوں کو معاف کر کے دعا کریں اور مسیح یسوع کی صلیبی محبت کے وسلے اُس کو قبول کریں

’’اِس لیے کہ اگر تم آدمیوں کے قصور معاف کرو گے تو تمہارا آسمانی باپ بھی تم کو معاف کرے گا‘‘ (متی 6:14)


**By John P. McTernan**

*Scan for teachings, testimonies, and radio archives on the brokenhearted ministry or visit - BindBrokenhearted.com*

**Contact Info:**
**Luke4,18Heal@gmail.com**

اِیمبسیڈر آف گاڈ منسٹریز انٹرنیشنل 0300-6606310

آج کے دور میں منشیات کا استعمال احساسِ بے چارگی اور خود کُشی کا سبب بنتا جا رہا ہے۔
عام طور پر جب کبھی ہم منشیات کی بات کریں تو لوگوں کے ذہن میں کوکین، ہیروئن اور بھنگ جیسی چیزوں کا خیال آتا ہے، صرف یہی ایک مسئلے کا حصہ نہیں بلکہ اِسکے علاوہ اور بھی غور طلب بات کہ وہ نشہ آور ادویات جو لوگ اپنے ذہنی سکون کیلئے استعمال کرتے ہیں یا ڈاکٹرز کی مدد سے ان کو استعمال میں لاتے ہیں۔ یہ بھی اُسی کی ایک کڑی ہے۔
اگر ہم الکوحل (شراب) کا استعمال کرنے کو بھی استعمال کریں تو (امریکہ) پاکستان میں آج بہت سارے لوگ اِس کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں۔
اِس بھیانک منظر کو بھی اس میں شمار کریں اور دیکھیں کہ کون سے وہ لوگ ہیں جو ذہنی دباؤ، دکھوں اور پریشانیوں سے دوچار ہیں لیکن وہ کسی بھی نشہ آور دوائی کا استعمال نہیں کرتے ہیں نہ ہی کوئی منشیات استعمال کرتے ہیں۔
اِس طرح کے لوگ جو ایسے بے شمار ذہنی اور باطنی دباؤ کا شکار ہیں اُنکی تعداد ہر سال بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خود کُشی کا اوسط درجہ ہر سال بڑھتا جا رہا ہے۔ یہ مسائل نہایت ہی توجہ طلب ہیں یہ کسی انسان کو موت جیسی گھنوؤنی اور بھیانک وادی میں لے کر جا سکتے ہیں۔
اگر کوئی یہ محسوس کرتا ہے کہ اُس کا دل کسی نا قابل فراموش شکستگی کا شکار ہو گیا ہے تو پھر اُس کو ضرورت ہے کہ وہ خداوند اپنے خدا کی طرف پھرے اور اُس کا فضل، محبت، اطمینان اور معافی مانگے، یقیناً خدا اُس کے دل کی ضرورت کے مطابق اور اپنی شفقت کے موافق عطا کرے گا۔ یہ معافی ہمارے ساتھ بھی منسلک ہے، جیسے کوئی شخص گناہ میں گر جائے اور یہ سمجھے کہ خدا مجھے معاف نہیں کرے گا اور خاص طور پر یہ اُن عورتوں کیلئے جو بدکاری یا زنا کاری کے گناہ سے حمل کو گرا دینے کا بدترین گناہ کرتی ہیں۔ اگر کوئی عورت جو یہ گناہ کرے وہ بھی توبہ کرے، یسوع مسیح کو اپنا حقیقی نجات دہندہ قبول کرے تو پھر خدا اُسے بھی معاف کرتا ہے، اُس کو آسودہ دلی سے اپنی معافی کو قبول کرنا چاہیے۔
بہت سارے لوگ اپنے ذاتی معاملات کو خدا کو بتانے سے شرماتے ہیں اور یہی ہچکچاہٹ خدا کے سامنے سے ختم کرنے سے ہی اس متاثرہ شخص کی شکستگی کا علاج ہے۔ (گو کہ خدا سب کچھ جانتا ہے لیکن وہ چاہتا ہے کہ ہم اُس سے بات کریں)۔
اگر کوئی شخص اپنے مخالف کو جس نے اُس کو دکھ دیا ہو معاف کرتا ہے تو خدا اُس شخص کو جو معاف کرتا ہے دل کی آسودگی، کشادگی اور خوشی سے بھرنے کیلئے ہمہ وقت تیار رہتا ہے۔



خدا کے نزدیک شکستہ دلوں کی شفاء انتہائی ضروری ہے، یہ خدا کے سامنے کوئی معمولی بات نہیں بلکہ اُس کے ساتھ خدا شکستہ دلوں کی تسلی کیلئے مسیح یسوع کی ابدی نجات کی خوشخبری تک لے کر آتا ہے، کیونکہ یسوع مسیح پر ایمان ہی کے وسیلے سے خدا ہماری ہر وہ ضرورت جو ہماری آسودگی، تسلی اور اطمینان لانے کا حصہ ہوتی ہے، محبت سے لبریز ہو کر عطا کرتا ہے۔

## شِکستہ دِلوں کیلئے دُعا

اے خدا میں اپنے گناہ کا اقرار کرتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں اور ایمان رکھتا ہوں کہ خداوند یسوع مسیح نے میرے گناہوں کے عوض اپنا پاک لہو صلیب پر بہا کر مجھے بچایا اور پاک کیا ہے۔
اور اب میں اقرار کرتا ہوں کہ وہ میرا منجی خداوند ہے جس نے مجھے ہمیشہ کی زندگی عطا کی ہے اور خدا باپ کی پاکیزگی اور اپنی راستبازی عطا کی ہے۔ اُسی طرح اے آسمانی باپ میں تجھ سے التجا کرتا ہوں کہ میرے شکستہ دل کو آرام بخش، میں اُن کو معاف کرتا ہوں جنہوں نے میرا دل دکھایا ہے، اپنی رحمت سے میرے دل کے غموں، دکھوں، نفرت، کرواہٹ، خوف، رد کرنے کی عادت کو اور منشیات کی بُری زنجیروں سے آزاد کر میں تیرے اکلوتے بیٹے اپنے منجی خداوند یسوع مسیح کیلئے تیرا شکر کرتا ہوں جس نے اپنی جان دے کر مجھے ان لعنتوں سے آزاد کیا ہے۔
ایمان سے مانگتا اور پا لیتا ہوں تیرے پاک کی رہنمائی میں اور اپنے منجی خداوند تیرے بیٹے یسوع کے نام سے۔

آمین

یہ بہت زیادہ ممکن ہے کہ لوگ اپنے دل کی تلخی کو دور کرنے کیلئے منشیات یا نشہ آور ادویات کو استعمال کرتے ہیں، وہ اپنے آپ کو پریشان حال اور دکھی دنیا سے اپنے آپ کو بچانے کیلئے یہ سب کچھ کرتے ہیں۔

باطن کے زخم کو باطنی شفا کی ضرورت ہوتی ہے

یہی ایک بہت بڑی اور غیر معمولی وجہ تھی کہ خدا نے انسان کی روح کے زخموں کی مرہم کرنے کیلئے اپنے بیٹے یسوع کو دنیا میں بھیجنے کیلئے مسح کیا۔ یسوع اسی لیے آیا اور ہمیں اپنا آسمانی الٰہی اطمینان عطا کیا اور ہمارے زخموں کو اپنے لہو سے دھویا اور ٹھیک کیا جس کی ہمیں اشد اور لازمی ضرورت تھی۔



بائبل مقدس ہمیں واضح بتاتی ہے کہ ایک شکستہ دل کا حال کیا ہوتا ہے۔ اس کا عام سا منظر ہم دیکھ سکتے ہیں کہ جب پُرتشدد آنسو، دل کا ٹُوٹنا اور بکھرنا پیش آتا ہے۔ اگر آپ نے کبھی کسی ہڈی کو ٹُوٹتے اور یا ٹُوٹے ہوتے دیکھا ہے تو آپ جان سکتے ہیں کہ دل کا ٹُوٹنا کیسا ہوتا ہے یا ایک رُوحانی توڑ پھوڑ کیسی ہوتی ہے۔
جب کوئی رُوح یا دل شکستگی یا افسردگی میں سے گزرتا ہے تو وہ جھوٹ، غصے، نفرت، خوف اور تلخی اور بدمزاجی سے بھر جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ ذہنی دباؤ کا شکار ہونے کی وجہ سے منشیات کی گندی دلدل میں پھنس جاتا ہے۔
یہ دل کی شکستگی ہی ہے جو ہم کو ان احساسات سے ظاہر ہوتی دکھائی دیتی ہے، اصل میں اس کی جڑ رُوح کی شکستگی ہے۔

## دِل کی شکستگی کیا ہے

طلاق (خاص طور پر بچوں کی ذہنی کیفیت بگڑ جاتی ہے) بُرے الفاظ، گالیاں دینا (ذہنی یا ظاہری) رد کیا جانا، نفرت، رد کرنا، لڑائی جھگڑا، کوئی سانحہ یا موت وغیرہ یہ دنیا جو کہ اب گناہوں سے بھری ہے یہ ہمارے دلوں کی افسردگی کا باعث ہے ایک دفعہ جب کوئی دل ٹوٹتا ہے، دنیا میں کوئی بھی ایسا طبیب، حکیم یا ماہرِ نفسیات نہیں جو اس کو آسودگی، آرام اور تسلی عطا کر سکے۔
تمام اِیسی ادویات یا ماہرِ نفسیات اُس کے سامنے ہاتھ کھڑے کیے شکستگی کا مظاہرہ کرتے نظر آتے ہیں۔ انہوں نے بہت سے نُسخہ جات دریافت کیے کہ انسان کو ذہنی سکون حاصل ہو سکے، لیکن وہ اِس جنگ میں ہار گئے وہ شکستہ دل کو تسلی نہ دے سکے۔
دنیا میں کوئی ایسا شخص، عالم یا ماہر نفسیات نہیں ہے جو دل کی شکستگی کا علاج کر سکے یا روح کے زخموں کو بھر سکے، کیونکہ اُس کی جڑیں رُوحانی ہیں۔
اِس شکستگی کے اثرات بہت ہی منظّم طریقے سے آہستگی سے انسان کو تباہ کرتے ہیں۔ لیکن خدا کا بیٹا جو ازل سے ذِبحہ کیا ہوا خدا کا برّہ ہے صرف وہی ایک اس کا مکمل علاج کر سکتا ہے۔

**ہَللّلُو یاہ!!!**

کیونکہ اُسکا ایک نام ''طبیبِ اعظم'' ہے جسکو خدا نے بھیجا کہ ''شکستہ دلوں کو تسلی دے''